ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (387)

مورخہ 15/07/2023

**بہاولپور(          )پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں 07 ملزمان گرفتار۔گرفتار ملزمان سے شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ سٹی یزمان پولیس نے منشیات فروشی کے مرتکب ابولعابد زاہد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ لاکھوں روپے مالیتی سے 1220 گرام ہیروئن برآمد کر لی،جبکہ تھانہ بغدادالجدید پولیس نے 02 ملزمان بلاول اور عدیل کر گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 2460 گرام چرس برآمد کر لی۔اسی طرح تھانہ عباس نگر پولیس نے شراب واسلحہ ناجائز کے خلاف کاروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان احمد یار،ایوب،شہر یار اور نشاط جاوید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 03 عدد پسٹل 30 بور اور بھاری مقدار میں دیسی شراب،لہن و چالو بھٹی برآمد کر لی۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے،ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے منفی عناصر سے پاک کیا جاسکے۔عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس شب و روز مصروف عمل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان سے شراب،منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(388)

مورخہ 15.07.2023

**بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس کی کارروائیوں کا سلسلہ جاری۔تھانہ صدر یزمان پولیس نے مویشی چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان کو مال مسروقہ سمیت گرفتار۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 30لاکھ روپے سے زائد مالیت کے چوری شدہ مویشی و اسلحہ ناجائز برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی،ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ایس ایچ او تھانہ صدر یزمان نے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مویشی چور گینگ کے 04ملزمان ابراہیم،ضمیر،صبد عرف صوبدار اور اختر عرف اللہ بخش کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان سے چوری کی متعدد وارداتیں ٹریس کرتے ہوئے 02راس گائے معہ بچھڑے،09راس بکریاں،52راس بھیڑیں، 02عدد موبائل فون اور اسلحہ ناجائز برآمد کرلیا۔گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے اور گینگ کے بقیہ ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔پولیس نے علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے۔برآمدشدہ مال اصل مالکان کے حوالے کردیا گیا۔ ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جاسکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او تھانہ صدر یزمان اور انکی ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور:پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن۔گزشتہ روز مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان سے شراب،منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد